

# جمع : آگے گن کر




پانچ اور تین کی جمع کریں گے۔ پانچ کے بعد تین عدد سلسلہ وار گنیں گے یعنی ۵ سے آگے بڑھیں گے۔٦ ، ٧ ، ٨۔کل ٨ موتی ہوئے۔جمع آٹھ ہوئی۔




اب آٹھ اور پانچ کی جمع کریں گے۔اس کے لیے آٹھ موتیوں کے بعد کے پانچ عدد سلسلہ وار گنیں گے۔ ۹ ، ۱۰ ، ۱۱ ، ۱۲ ، ۱۳۔ کل ۱۳ موتی ہوئے۔

ایک عدد میں دوسرا عدد ملاتے وقت پہلے عدد کے بعد دوسرا عدد گنیں تو ان کی جمع حاصل ہوتی ہے۔ دو عددوں میں سے بڑے عدد کے بعد چھوٹے عدد کے برابر عدد سلسلہ وار گننا آسان ہوتا ہے۔ ۹ + ۴ اس جمع کو کرتے وقت ۴ کے بعد ۹ عدد گننے کی بجائے ۹ کے بعد ۴ عدد گننا آسان ہے۔

آؤ، جمع کی مشق کریں۔

